رہبر معظم کا امام حسین (ع) یونیورسٹی میں زیر تربیت جوانوں کی تقریب سے خطاب - 20 /May/ 2015

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں یوم پاسدار کی آمد اور اسی طرح سوم خرداد میں بیت المقدس کارروائیوں کی سالگرہ اور خرم شہر کی فتح کی مناسبت سے آج صبح (بروز بدھ) امام حسین (ع) یونیورسٹی میں زیر تربیت فوجی جوانوں کی شاندار تقریب منعقد ہوئی -

رہبر معظم انقلاب اسلامی میدان میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے گمنامشہداء کے مزار پر حاضر ہوئے اور دفاع مقدس کے شہیدوں کی ارواح کے لئے فاتحہ خوانی کی اور ان کے درجات کی بلندی کے لئے دعا فرمائیـ

اس کے بعد گراؤنڈ میں موجود فوجی دستوں نے رہبر معظم انقلاب اسلامی اور مسلح افواج کے کمانڈر انچیف کو سلامی پیش کی -

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے گراؤنڈ میں موجود جانبازوں کے ساتھ بھی محبت اور ہمدردی کا اظہار کیاـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اسلامی نظریہ اور جاہلیت پر مبنی نظریہ کو آج کی دنیا میں دو اصلی نظریات قراردیا اور ان دونوں نظریات میں قرب و آشتی کو ناممکن قراردیا اور دشمن کی طرف سے ایٹمی مذاکرات میں جدید اورحد سے زیادہ مطالبات ، فوجی مراکز کے معائنہ اور ایرانی دانشوروں کے ساتھ گفتگو جیسے مطالبات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اس قسم کی اجازت ہر گز نہیں دی جائے گی اور دشمنوں کو جان لینا چاہیے کہ ایرانی حکام اور ایرانی قوم ، دشمن کی منہ زوری اور حد سے تجاوز کرنے جیسے مطالبات کے سامنے ہرگز تسلیم نہیں ہوں گےـ

مسلح افواج کے کمانڈر انچیف نے اسی طرح ایرانی قوم کے دشمنوں اور خلیج فارس کے بعض حکام کی جانب سے ایران کی سرحدوں کے قریب نیابتی جنگ شروع کرنے کی مذموم کوششوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اگر کسی قسم کی شیطانی حرکت کی گئی تو اسلامی جمہوریہ ایران کا رد عمل بڑا سخت اور شدید ہوگاـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اس تقریب میں تمام مسائل میں گہرائی ، خلاقیت، ایجادات اور نوآوری کے سلسلے میںتاکید کی اور امام حسین (ع) یونیورسٹی کی آج کی اس تقریب میں ان خصوصیات کے وجود کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: تمام مسائل اور امور میں سطحی کاموں سے پرہیز کرنا چاہیےـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کو شجرہ طیبہ قراردیا اورسپاہ کےفکری و عملی بلوغ، پیشرفت ، صلاحیتوں اور توانائیوں کو قابل قبول مرحلے پر قراردیتے ہوئے فرمایا: حضرت امام حسین (ع) یونیورسٹی سپاہ کی آگے کی سمت حرکت، پیشرفت اور تکامل کے شاندار مظاہر میں ایک مظہر ہےـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اس یونیورسٹی کی پشت پر دفاع مقدس کی اہم کارروائیوں ، مجاہدت اور سپاہ کے ممتاز اورنمایاں افراد کے ایثار و فداکاری کو قراردیا اور اس یونیورسٹی میں زیر تربیت فوجی جوانون کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: آج عظیم اسلامی انقلاب کا پرچم آپ کے ہاتھوں میں پہنچ گیا ہے جو اسلامی نظریہ پر استوار ہے اور گذشتہ مجاہدوں اور سپاہیوں کی طرح اسے پوری قوت اور قدرت کے ساتھ تھام کر آگے کی سمت گامزن رہیںـ